## سوال

(123) اکیلے شخص کا اقامت کہہ کر نماز کھڑی کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اکیلا آدمی جب نماز ادا کرتا ہے تو اذان واقامت کہہ سکتا ہے؟ (ماسٹر مطلوب صاحب، اٹک)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر نمازی اکیلا نماز پڑھے تو اذان واقامت کہہ سکتا ہے۔ سنن ابوداؤد کی صحیح حدیث ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"تمہارا رب ایسے چرواہے سے خوش ہوتا ہے جو پہاڑ کی چوٹی پر اپنا ریوڑ چراتا ہے اور نماز کے لئے اذان کہتا ہے اور نماز ادا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کہتا ہے میرے اس بندے کی طرف دیکھو جو اذان واقامت نماز کے لئے مجھ سے ڈرتے ہوئے کہتا ہے میں نے اپنے اس بندے کو معاف کر دیا ہے اور میں نے اسے جنت میں داخل کر دیا ہے۔" (سنن ابوداؤد، باب الاذان فی السفر)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آدمی اکیلا نماز پڑھے تو اذان واقامت کہہ سکتا ہے یہ اس کے لئے بخشش کا ذریعہ بنتی ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الصلوٰة، صفحہ: 167

محدث فتویٰ